بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعض کرسی پر بیٹھ کر نماز ادا کرنے والے جماعت کے بعد مسجد جا کر اپنی نماز پڑھیں، تو کیا حکم ہے؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کئی لوگوں کو دیکھا ہے کہ وہ کرسی پر بیٹھ کے نماز پڑھتے ہیں اسی لیے وہ جماعت کے بعد مسجد میں جاتے ہیں ایسا کرنا کیسا؟

جواب

فرض نماز مسجد کی جماعت اولی کے ساتھ ادا کرنا مرد پر واجب ہے جبکہ جماعت ساقط ہونے کا کوئی عذرِ شرعی نہ ہو اور کرسی پر نماز پڑھنا کوئی ایسا شرعی عذر نہیں جس کی وجہ سے جماعت چھوڑنے کی اجازت ہو۔ اور **بلاعذر شرعی مسجد کی جماعت ترک کردینا ہر گز جائز نہیں۔ احادیث مبارکہ میں بلاعذر ترکِ جماعت پر بہت سی وعیدوارد ہوئی ہیں** چنانچہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: "من سمع النداء ولم یاتہ فلا صلوۃ لہ الا من عذر" ترجمہ: جس نے اذان سنی اور نماز کے لئے حاضر نہ ہو، تو اس کی نماز ہی نہیں مگر یہ کہ کوئی عذر ہو۔ (سنن ابن ماجہ، ص 57، مطبوعہ کراچی)

یہاں یہ بات بھی یاد رکھیں کہ اگر کوئی شخص زمین پر یا زمین پر رکھی ہوئی ایسی چیز جس کی اونچائی بارہ انگل سے زیادہ نہ ہو، اس پر بھی سجدہ نہیں کرسکتا مثلاً اس طرح سجدہ کرنے سے ناقابل برداشت تکلیف ہوگی یا مرض بڑھ جائے گا یا دیر سے اچھا ہوگا، تو اس صورت میں وہ کرسی پر بیٹھ کر اشارے سے نماز ادا کرسکتا ہے۔ اور اگر وہ زمین پر یا زمین پر رکھی ہوئی ایسی چیز جس کی اونچائی بارہ انگل سے زیادہ نہ ہو، اس پر سجدہ کرسکتا ہے، تو پھر اس صورت میں کرسی پر بیٹھ کر سجدے کے لئے اشارہ کافی نہیں ہوگا، اگر سجدہ پر قادر ہونے کے باوجود اس کے لئے اشارہ کیا تو سرے سے نماز ہی نہیں ہوگی۔ اس صورت میں جتنی دیر قیام کرسکتا ہو، اتنا قیام کریں، پھر جب قیام پر قدرت ختم ہوجائے، تو کرسی پر بیٹھ کر نماز جاری رکھیں اور سجدہ زمین پر کریں۔

اس حوالے سے مزید تفصیل کے لئے دارالافتاء اہلسنت کے مطبوع فتوی بنام "کرسی پر نماز پڑھنے کے احکام" کا مطالعہ فرمائیں۔ اس رسالے کو ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا رضا محمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2510

تاریخ اجراء: 08 ربیع الآخر 1447ھ/02 اکتوبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net